ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ مردان

پریس ریلیز

ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ مردان کی ایک پریس ریلیز کے مطابق دسویں اور بارھویں جماعت کے اسپیشل امتحانات مؤرخہ 25 نومبر 2021 بروز جمعرات ایک ساتھ شروع ہوں گے۔ جب کہ نویں اور گیارھویں جماعت کے امتحانات کے شیڈول کا اعلان آئندہ چند دنوں میں کیا جائیگا۔

ایسے تمام طلباء و طالبات جو کہ دسویں اور بارھویں جماعت کے سالانہ امتحانات 2021 میں پہلی دفعہ شامل ہوئے تھے۔ وہ امپرومنٹ (نمبر بہتر کرنے) کیلئے صرف اختیاری مضامین میں امتحان دیں گے۔

دسویں اور بارھویں جماعت کے ریگولر طلباء و طالبات جو کسی وجہ سے سالانہ امتحان 2021 میں داخلہ نہیں بھیج سکے یا کسی وجہ سے مکمل طور پر امتحان سے غیر حاضر رہے وہ اپنے ادارے کے توسط سے داخلہ بھیج سکتے ہیں۔ اور ان کا رزلٹ بھی سالانہ امتحان 2021 کی پالیسی کے مطابق تیار کیا جائے گا۔

ایسے تمام طلباء و طالبات جو 2020 یا اس سے پہلے دسویں اور بارھویں جماعت کا امتحان پاس کر چکے ہوں۔ اور امپرومنٹ کرنا چاہتے ہو۔ ان کا امتحان پرانے طریقہ کار کے مطابق لیا جائیگا۔

نوٹ :- داخلہ فارم مردان بورڈ کی ویب سائٹ (www.bisemdn.edu.pk) سے بھی ڈاؤن لوڈ کئے جا سکتے ہیں۔

Rashiddul.
29/10/2021
کنٹرولر امتحانات
ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ مردان